حصّہ سوم

قواعد

کل نمبر: ۲۵/

سوال نمبر۱: درج ذیل واحد الفاظ کی جمع تحریر کیجئے۔ ۲/

نمبر شمار	واحد	جمع
۱	نصیحت	
۲	ہدایت	
۳	وطن	
۴	خلق	

سوال نمبر۲: خط کشید الفاظ کے متضاد الفاظ سے خالی جگہ پر کریں۔ ۲/

۱۔ اللہ کی قدرت دیکھئے کہ وہ کس طرح بنجر زمین کو ________ بناتا ہے۔

۲۔ جب رہبر ہی ________ بن جائے تو بھلا انسان کس پر بھروسا کرے۔

۳۔ اپنا راز ہر کسی کو نہ بتاؤ، کیا پتا آج کا رفیق کل کا ________ بن جائے۔

۴۔ انسان کا ظاہر اور ________ ایک جیسا ہونا چاہیے۔

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل مذکر جملوں کو مؤنث اور مؤنث جملوں کو مذکر جملوں میں تبدیل کریں۔ ۲/

۱۔ مالن نے پھول مالکن کی خدمت میں پیش کئے۔

____

۲۔ اس نے ضعیف کو والد کا درجہ دیا۔

____

۳۔ بھکاری نے چوہدری سے بھیک مانگی۔

____

۴۔ بڑھیا نے ہمسائی سے مدد مانگی۔

____

سوال نمبر۴: قوسین میں دیئے گئے الفاظ کے مترادف تحریر کر کے جملے مکمل کیجئے۔ /۲

۱۔ جنگ بدر میں مسلمانوں کو (فتح) عظیم __________ حاصل ہوئی۔

۲۔ انسانی رشتوں کو (شک) __________ کمزور کر دیتا ہے۔

۳۔ وہ (مجرم) __________ نہ تھا پھر بھی اُسے سزا دی گئی۔

۴۔ زندگی کی سب سے بڑی حقیت (مرگ) __________ ہے۔

سوال نمبر۵: درج ذیل الفاظ میں سے مناسب الفاظ چن کر خالی جگہیں پُر کیجئے /۵

حرف ۔ منصب ۔ بل بوتے ۔ پیغام ۔ بیگانگی ۔ حاصل ۔ چُرا ۔ اُٹھا

مفلس اور نادار رشتہ داروں سے عموماً __________ کا اظہار کیا جاتا ہے۔ اگر کسی محفل میں مڈبھیڑ ہو جائے تو نظریں __________ لی جاتی ہیں کہ کہیں اُن کی عزت پر __________ نہ آجائے۔ لیکن اگر کوئی غریب عزیز محنت کے __________ پر اچھے __________ پر فائز ہو جائے تو یہی حضرات اُن کے دروازے پر دستک دینے کے لئے قطار میں کھڑا ہونے سے گریز نہیں کرتے۔

سوال نمبر۶: درج ذیل انگریزی عبارت کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔ /۵

Badshahi Mosque is the biggest mosque in Pakistan. It is one of the largest mosques in the world. The Mughal Emperor Aurangzeb had got it built in the 17th century in Lahore. Being hundreds of years old, it is still very grand. Its building is a true example of Mughal architecture. It shows the real taste of emperor Aurangzeb for fine mosques and buildings.

____

____

سوال نمبر ۷: درج ذیل محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کے معانی واضح ہو جائیں۔ /5

ا۔ آنکھیں بچھانا ____________________

____

۲ کان بھرنا ____________________

____

۳ گن گانا ____________________

____

۴ ہاتھوں ہاتھ لینا ____________________

____

5 رونگٹے کھڑے ہونا ____________________

____

سوال نمبر ۸: مندرجہ ذیل ضرب الامثال مکمل کریں اور ان کے معانی بھی تحریر کریں۔ /۲

ا۔ آنکھ اوجھل ____________________

____

۲۔ اول طعام ____________________

____